یہاں سے کاٹئے

Question Paper Serial No. **91**

# B

**CCE RF**
**CCE RR**
**REVISED & UNREVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
Total No. of Printed Pages : 8
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 95-U**

**Code No. : 95-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜಶಾಸ್ತ್ರ
# Subject : SOCIOLOGY

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Regular Fresh & Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 07. 04. 2020 ] [ Date : 07. 04. 2020
ಸಮಯ :ಬೆಳಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER**

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. نرائن گرو نے سب سے پہلے ................ میں سماجی اصلاح لانے کی کوشش کی

(A) کرناٹک (B) مدھیہ پردیش

(C) کیرالا (D) آندھرا پردیش

2. SNDT یونیورسٹی قائم کرنے والے تھے

(A) مہارشی کاروے

(B) ایم.جی.رانڈے

(C) ایشور چندرودیاساگر

(D) راجارام موہن رائے

3. گاندھی جی آدیباسیوں کو کہتے تھے

(A) قبائلی (B) ہریجن

(C) گریجن (D) میہر

4. ہندوستان کا سلیکن شہر ہے

(A) بنگلور (B) ممبئی

(C) دہلی (D) کولکاتا

5. جمہوریت کی کامیابی کا انحصار ملک کے لوگوں کی ................. پر ہے۔

(A) خواندگی کی شرح (B) غربت کی شرح

(C) معیار زندگی (D) تعلیم

6. سماجی تبدیلی لانے والا موثر میڈیا ہے

(A) ٹیلی فون (B) پمفلٹ

(C) اخبار (D) ٹیلی ویژن

7. روسی ................. کی تھیوریوں سے متاثر ہوئے تھے

(A) والٹیئر (B) روسو

(C) کارل مارکس (D) مونٹیسک

8. سکھ مذہب کے بانی ہیں

(A) رنجیت سنگھ (B) مان سنگھ

(C) گرونانک (D) ہری سنگھ

9. کھیڑا ستیہ گرہ شروع کی تھی

(A) سردار پٹیل نے (B) وی ڈی ساورکر نے

(C) مہاتما گاندھی نے (D) جے پرکاش نرائن نے

10. مالیہ دنوں میں کمیونکیشن کے میدان میں انقلاب لانے والا ہے

(A) ریڈیو (B) کمپیوٹر

(C) ریموٹ کنٹرول (D) ڈاک نظام

II. 11. **درج ذیل فہرست 'A' کا فہرست 'B' سے جوڑ ملائیں اور لکھیں :** 5 × 1 = 5

| ***A*** | ***B*** |
|---|---|
| a) چمپارن ستیہ گرہ | i) آتمارام پنڈورانگا |
| b) بردولی ستیہ گرہ | ii) بال گنگا دھر تلک |
| c) پرارتھنا سماج | iii) دیانند سرسوتی |
| d) ستیہ سودھک سماج | iv) باباصاحب امبیڈکر |
| e) آریہ سماج | v) مہاتما گاندھی |
| | vi) سری رامانند |
| | vii) جیوتی راؤ پھولے |
| | viii) سردار پٹیل |

III. **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :** 15 × 1 = 15

12. بے منصوبہ سماجی تبدیلی کی ایک مثال دیں۔

13. سماجی تبدیلی کسے کہتے ہیں ؟

14. جدت طرازی کسے کہتے ہیں ؟

15. ناخواندگی سماجی تبدیلی میں رکاوٹ ہے۔ کیوں ؟

16. علاقائی عدم توازن کسے کہتے ہیں ؟

17. لوگ شہری علاقوں کی طرف کیوں جاتے ہیں ؟

18. غریب لوگ عام طور سے سماجی تبدیلی کے لیے احتجاج کرتے ہیں۔ کیوں ؟

19. وچنا تحریک کا نتیجہ کیا نکلا ؟

20. 1872 کا شادی کا خصوصی قانون ایک انقلابی قانون سازی تھی۔ کیوں ؟

21. پکّا کھانا کسے کہتے ہیں ؟

22. ''ویدوں کو واپسی'' کا نعرہ کس نے دیا تھا ؟

23. ہندوستان کی پہلی خاتون صدر کون تھیں ؟

24. ستی نظام کیا ہے ؟

25. قبیلہ کسے کہتے ہیں ؟

26. تعلیم بالغاں کی وضاحت کریں۔

IV. **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو تا چار جملوں میں لکھئے :** 14 × 2 = 28

27. سماجی تبدیلی لانے میں سائنس اور تکنالوجی کا کیا رول ہے ؟

28. صنعت کاری کے اثرات کیا ہیں ؟

29. بار بار اور طویل مدتی تبدیلیوں کی وضاحت کریں۔

30. ہندوستانی سماج میں سماجی تبدیلی کیوں ضروری ہے ؟

31. لفظ 'ذات پات' کے آغاز کے بارے میں لکھیں ؟

32. ذات پات کی خصوصیات بیان کریں۔

33. سماجی تحریکوں کے مقاصد بیان کریں۔

34. غدر یا بغاوت ہڑتال سے مختلف ہوتی ہے۔ کس طرح ؟

35. ان سماجی اصلاح لانے والوں کے نام لکھیں جنہوں نے عورتوں کی برابری کے لیے لڑائی کی۔

36. عورتوں کی وہ کون سی تنظیمیں تھیں جنہوں نے برطانوی راج میں عورتوں کی حالت میں بہتری لانے کے عمل میں اہم کردار ادا کیا تھا ؟

37. مغربی تہذیب نے کس طرح ہندوستانی عورتوں سے متعلق ہندوستانیوں کا نظریہ بدل ڈالا تھا ؟

38. ریڈیو کس طرح ماس میڈیا کا رول ادا کرتا ہے ؟

39. کرناٹک میں قبائلی مطالعہ کرانے والی کونسی تنظیمیں ہیں ؟

40. ماس میڈیا کی دو قسمیں کونسی ہیں ؟

V. **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین تا چھ جملوں میں لکھئے :** $6 \times 3 = 18$

41. سماجی تبدیلی لانے میں تعلیم کا کیا کردار ہے ؟ واضح کریں۔

42. ذات پات کا مسئلہ سماجی تبدیلی میں کس طرح رکاوٹ بنتا ہے۔

43. بتائیں کہ سماجی تحریکیں کس طرح سماجی تبدیلی لاتی ہیں ؟

44. ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں عورتوں کا کردار بیان کریں۔

45. قبائلی ترقی کے لیے ہمارے دستور میں کون سی گنجائشیں دی گئی ہیں ؟

46. سنیما کس طرح سماجی قدروں کی عکاسی کرتا ہے۔

VI. **درج ذیل سوال کا جواب دیں :** $1 \times 4 = 4$

47. ہندوستان میں عورتوں کی حیثیت بہتر بنانے کے لیے کون کون سے اقدامات کیے گئے ہیں ؟